# ایک پرندہ اور جگنو

علامہ اقبال



**تعارف** :ڈاکٹر محمد اقبال ۹ر نومبر ۱۸۷۷ کو سیالکوٹ ( پنجاب ) میں پیدا ہوے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد ان کا داخلہ سیالکوٹ کالج میں ہوا۔ جہاں ان کو شمس العلما مولوی سید میر حسن جیسے قابل استاد ملے۔ سیالکوٹ کالج سے ایف اے کرنے کے بعد اقبال لاہور آگیے اور یہاں کی تعلیم سے فارغ ہوکر انھوں نے انگلستان کا سفر کیا۔ وہاں سے بیرسٹری کی اور جرمنی سے ڈاکٹر آف فلاسفی (پی ایچ ڈی) کی ڈگری حاصل کی۔ علامہ اقبال اردو اور فارسی کے عظیم شاعر تھے۔ آپ کو داغ دہلوی سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ اسرارِخودی، رموزِ بےخودی، پیام مشرق، بانگ درا، کلیاتِ اقبال وغیرہ آپ کے فارسی اور اردو کلام کے مجموعے ہیں۔ شاعرِ مشرق علامہ اقبال کی وفات ۲۱ر اپریل ۱۹۳۸ء کو لاہور میں ہوئی۔



★★★

| | | |
|---|---|---|
| سرِ شام ایک مرغِ نغمہ پیرا | | کسی ٹہنی پہ بیٹھا گا رہا تھا |
| چمکتی چیز اک دیکھی زمیں پر | | اڑا طائر اسے جگنو سمجھ کر |
| کہا جگنو نے او مرغِ نواریز | | نہ کر بے کس پہ منقارِ ہوس تیز |
| تجھے جس نے چہک ، گل کو مہک دی | | اسی اللہ نے مجھ کو چمک دی |
| لباسِ نور میں مستور ہوں میں | | پتنگوں کے جہاں کا طور ہوں میں |
| پروں کو میرے قدرت نے ضیا دی | | تجھے اس نے صدائے دل ربا دی |
| تری منقار کو گانا سکھایا | | مجھے گلزار کی مشعل بنایا |
| چمک بخشی مجھے، آواز تجھ کو | | دیا ہے سوز مجھ کو، ساز تجھ کو |
| قیامِ بزمِ ہستی ہے انھیں سے | | ظہورِ اوج وپستی ہے انھیں سے |



★★★

# سوالات

۱۔کون ٹہنی پہ بیٹھا گا رہا تھا؟
۲۔ پرندوں کو چہک اور پھولوں کو مہک کس نے دی ہے؟
۳۔پتنگوں کے جہاں کا طور، کون ہے؟
۴۔قدرت نے دل کو لبھانے والی آواز کسے عطا کی؟
۵۔آخری شعر میں شاعر نے کس بات پر زور دیا ہے؟
۶۔اقبالؔ کی اس نظم کو زبانی یاد کیجیے۔

## مشق

### ۱۔لفظ و معنی

| لفظ | معنی | لفظ | معنی |
|---|---|---|---|
| مرغ | پرندہ۔مرغا | ظہور | ظاہر ہونا |
| طائر | پرندہ، چڑیا | ہم آہنگ | ایک خیال ہونا۔ساتھی |
| نغمہ پیرا | چہچہانے والا | بہار | پھول کھلنے کا موسم |
| منقار | چونچ | بوستاں | باغ۔باغیچہ |
| طور | ایک پہاڑ کا نام | نواریز | پرندے کا چہکنا |
| مستور | چھپا ہوا | ضیا | روشنی |
| ساز | باجا۔سامان | مشعل | چراغ دان۔موٹی بتی |
| اوج | اونچائی۔بلندی | پستی | گہرائی۔نیچائی |

۲۔خالی جگہوں میں صحیح مصرع لکھ کر شعر مکمل کیجیے۔

چمکتی چیز اک دیکھی زمیں پر ..............................

.............................. اسی اللہ نے مجھ کو چمک دی

لباس نور میں مستور ہوں میں ..............................

تری منقار کو گانا سکھایا ..............................

۳۔اس نظم میں واؤ معروف اور واؤ مجہول کی کئی مثالیں موجود ہیں۔ واؤ معروف اس 'وٗ' کو کہتے ہیں جو پیش (و) کی آواز کے ساتھ پڑھا جایے۔ جیسے: دور، حور، ضرور وغیرہ۔ واؤ مجہول وہ 'وٗ' ہے جو صرف واؤ کی آواز کے ساتھ پڑھا جایے۔ جیسے مور، شور، بھور، وغیرہٗ اس نظم سے واؤ معروف کی تین اور واؤ مجہول کی تین مثالیں تلاش کر کے کاپی میں لکھیے۔

۴۔ہم آہنگی سے ہے محفل جہاں کی اسی سے ہے بہار اس بوستاں کی

اس شعر کا مطلب اپنے استاد سے پوچھ کر لکھیے۔

۵۔جملے بنایئے: شام۔ٹہنی۔لباس۔قدرت۔آواز

۶۔آپ کے لیے کام:

علامہ اقبال کی تصویر حاصل کر کے اردو پرجیکٹ کاپی میں چسپاں کیجیے اور اس کے نیچے ان کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات لکھیے۔

★★★

